نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729 E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت کی خصوصی ٹیمیں دھان کے مڈھوں کو آگ نہ لگانے سے متعلق مانیٹرنگ کر رہی ہیں: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور 25 اکتوبر 2021: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا ہے کہ دھان کے مڈھوں کو آگ نہ لگانے سے متعلق آگاہی مہم پر عملدرآمد جاری ہے اور اس ضمن میں محکمہ زراعت کی خصوصی ٹیمیں مانیٹرنگ بھی کر رہی ہیں ۔اس کے علاوہ کاشتکاروں کو پرنٹ و الیکٹرانک اور سوشل میڈیا کے ذریعے دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے سے ہونے والے نقصانات کے متعلق آگاہی فراہم کی جارہی ہے۔ترجمان نے مزید بتایا کہ دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے سے فضائی آلودگی (سموگ) پیدا ہوتی ہے اور اس کی وجہ سے انسانی زندگی،فصلات، باغات اور سبزیوں پر منفی اثرات مرتب ہونے کا اندیشہ موجود ہوتا ہے اس لئے دھان کے کاشتکار کٹائی کے بعد مڈھوں کو آگ لگانے سے گریز کریں۔دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے سے نہ صرف زمین کی بالائی سطح پر موجود نامیاتی مادہ کو نقصان پہنچتا ہے اور زمین کی زرخیزی متاثر ہوتی ہے بلکہ اس سے اٹھنے والا دھواں ٹریفک حادثات اور انسانی جانوں کے ضیاع کا باعث بھی بنتا ہے۔دھان کے کاشتکار مڈھوں کو آگ لگانے کی بجائے زمین میں ملا کر زرخیزی میں اضافہ کریں۔دھان کے مڈھوں کو تلف کرنے کیلئے کاشتکار روٹاویٹر اور مشین سے کٹائی کی صورت میں ڈسک ہیرو کی مدد سے فصل کی باقیات کو زمین میں ملا دیں یا گہرا ہل چلا کر آدھی بوری یوریا فی ایکڑ چھٹہ کر کے پانی لگادیں۔اس سے زمین کی زرخیزی اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ترجمان نے دھان کے کاشتکاروں سے اپیل کی ہے کہ دھان کے مڈھوں کی تلفی کے سلسلے میں محکمہ سے مکمل تعاون کریں اور محکمانہ ہدایات پر عمل کریں کیونکہ سموگ کی وجہ سے انسانی زندگیوں پر براہ راست منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں لہٰذا مفاد عامہ کے پیش نظر کاشتکار دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے سے گریز کریں۔

☆☆☆☆